سوال

حدیث (انت ومالک لابیک) میں موجود اشعار کی استنادی حیثیت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ!

حدیث (انت ومالک لابیک) کے ضمن میں موجود اشعار والی سند کی کیا حیثیت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

حدیث (انت ومالک لابیک) صحیح سند کے ساتھ سنن ابن ماجہ (2291) میں موجود ہے، مگر جس سند میں اشعار موجود ہیں، جو آپ نے بیان کی ہے، اسے امام طبرانی نے الاوسط میں اور امام بیہقی نے دلائل النبوہ میں نقل کیا ہے، اور اس کی سند ضعیف ہے۔ امام البانی فرماتے ہیں (قلت: ولم أجد من ترجمه, والمنكدر بن محمد بن المنكدر لين الحديث كما في "التقريب".) (ارواء الغلیل: 3/325)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی